Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۹ محرم الحرام ۱۳۴۵ھ مطابق ۹ اگست ۱۹۲۶ء	نمبر ۳۲

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۴ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ صاحب ریوینیو سکریٹری بہادر خان بہادر چودھری خوشی محمد خان صاحب افسر نوآبادی کو اختیارات کلکٹری و مہتمم بندوبست عطا کئے جاتے ہیں۔

اصل کاغذات صاحب ریوینیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

ایک نقل اس حکم کی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام ضابطہ جاری ہون — ۲۸ر جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۸ر جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

رپورٹ منظور ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک نقل اس حکم کی مع نقل رپورٹ درج گزٹ ہونے کے لئے مطبع کو مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

چند احکام اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم اور کونسل کے صادر ہو چکے ہین کہ ریاست کے محکمون کے کاغذات مطبع ریاست کے سوا دوسری جگہ طبع نہ کرائے جائین۔ لیکن اس پر عمل نہین ہے۔ اکثر کاغذات دوسرے مطابع مین طبع کرائے جاتے ہین۔ اسوجہ سے مطبع کی آمدنی کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ نقول احکام سابقہ منسلک ہین۔ ضرورت اسکی ہے کہ تاکیدی احکام نافذ فرمائے جائین۔ کہ کل محکمہ جات کے کاغذات سرکاری مطبع مین ہی طبع کرائے جائین۔ لہذا عرضداشت ہذا بامید صدور حکم ارسال اجلاس ہمایون ہے۔ دولت واقبال جاوید باد

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۸ر جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت دربارہ اضافہ سات روپیہ درتنخواہ محمد امین خان نائب سپرنٹنڈنٹ صفائی مشاہرہ دار بیس روپیہ ماہوار بوجہ ہونے دیرینہ ملازمت وکمی تنخواہ وغیرہ۔

حکم

محمد امین خان نائب سپرنٹنڈنٹ صفائی مشاہرہ دار بیس روپیہ ماہانہ کی تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳۱ر جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

پل نابل پر ہاتھیونکا گزر مسدود کیا جائے۔ اور موٹرین آہستہ رفتار سے چلائی جائین۔ تاوقتیکہ پل مذکور کی کافی مرمت ودرستی نہو جائے دیکھ بھال کر پل پر سے عبور کیا جائے۔ ایک نقل اس حکم کی صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔ بغرض اعلان عام درج گزٹ ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

صاحب ایگزیکیٹو انجینیر کی مفصل رپورٹ منسلک ہذا ہے کہ سڑک رامپور کیمری کی پل نمبر ۲ مین جو پل آہنی تھا وہ بوجہ پرانا ہونے کے ٹوٹ گیا جسکی جداگانہ رپورٹ کیگئی ہے۔ سڑک رامپور بلاسپور پر نابل کا جو پل ہے وہ بھی اسی قسم کا اور پرانا ہے۔ اسپر سے اکثر موٹرون کی آمد ورفت ہوتی ہے۔ چونکہ اسکے بھی شکست ہو جانیکا اندیشہ ہے اور اسوقت اسکا از سر نو تعمیر یا کافی مرمت کیا جانا بوجہ عدم گنجائش بجٹ ممکن نہین ہے کیونکہ اسمین کثیر مصارف ہونگے اس لئے اسکی ضرورت ہے کہ موٹرین اسپر سے آہستہ رفتار سے گزرین اور ہاتھیونکا گزر مسدود کیا جائے۔ لہذا حسب رپورٹ مذکورہ بحضور اقدس دانور گزارش ہے کہ حکم عام صادر فرمادیا جائے۔ اور درج گزٹ کرادیا جائے کہ تاوقتیکہ پل مذکور کی کافی درستی ودرست نہو۔ اسپر سے موٹرین آہستہ رفتار مین اور دیکھ بھالکر عبور کرین اور ہاتھیونکی آمد ورفت قطعاً مسدود رہے۔

والادب۔ دولت جاوید باد۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۲۸ر جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

کمی قطب وکسی کی بابت اسوقت تک بحساب ... فی قطب اور ... فی کسی کی لیجاتی ہے

یہ رقم بہت کم ہے۔ اسوجہ سے مستاجران فراری کاشتکاران کی کچھ زیادہ پرواہ نہیں کرتے ہیں۔ بعض اپنے بُرے برتاؤ اور بعض سختی وصول اور بعض وقت ضرورت کاشتکاران کی امداد نہ کرنے۔ علی ہذا اور اسی قسم کے طرز عمل سے کاشتکاران کو فرار کرتے ہیں۔ اسوجہ سے اسوقت بہت سی فراری ہوئی ہے۔ بندگان عالی دام اقبالہ وملکہ کا منشا یہ جاہوں ہے کہ اس فراری کی انسداد کے لئے آیندہ سے بجائے صیغہ فی قلبہ کے سو روپیہ فی قلبہ آور بجائے صدر فی کسی کے تیس روپیہ فی کسی لیجائے۔ اور اگر کوئی مستاجر علاقہ غیر سے بارہ قلبے آباد کرے تو اُسکو ایک سال کی توسیع دیجائے یہ بھی ارشاد ہوا ہے کہ یہ کمی قلبہ و کسی نہایت سختی سے وصول کیجاینگی اور تحصیلداران بالذات اسکے وصول کے ذمہ دار ہونگے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اطلاع عام درج گزٹ ہو۔ حاکم صاحب صدر۔ اسسٹنٹ ریونیو سکریٹری صاحب سیٹلمنٹ بندوبست وتحصیلداران کو اطلاع دیجائے تحصیلداران اپنی اپنی تحصیل کے جملہ مستاجران کو برائے تعمیل مطلع کردیں اس حکم کے مطابق آئین حامدیہ دستور بالا کی ترمیم کرلیجائے۔ وجملہ بالجوئی ضلع رسالدار صدر کو بھی اطلاع دیجائے۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۹ جولائی ۱۹۲۲ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب شاہ آباد معہ رائے حاکم صاحب صدر دربارۂ اضافہ دو روپیہ ماہوار در تنخواہ منشی محمد نبی خان محرر سرسری تحصیل شاہ آباد مشاہرہ دار سولہ روپیہ بوجہ قلت تنخواہ وحسن انجام خدمات۔

حکم

حسب سفارش حاکم صاحب صدر محمد نبی خان محرر سرسری شاہ آباد کی تنخواہ موجودہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جانا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۹ جولائی ۱۹۲۲ء

مثبتہ رپورٹ منشی محمد رضی علی صاحب پیشکار اجلاس دربارۂ منظوری رخصت ۲۹ جولائی لغایت ۵ اگست ۱۹۲۲ء بضرورت روانگی کاکوری۔

حکم

۲۹ جولائی کی رخصت کی درخواست بھی پیش ہے۔ من ابتداء ۲۹ جولائی سنہ حال لغایت ۵ اگست سنہ حال رخصت مطلوبہ منظور ہے۔ محمد مشتاق حسین خان پیشکار ضروری کام کے ذمہ دار رہینگے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲ اگست ۱۹۲۲ء

مثبتہ تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت مزید منشی محمد ابراہیم خان معاون منصرم ملازمان بعوض سابقہ بوجہ علالت تعدادی ۱۹ یوم من ابتداء ۲۴ جولائی سنہ حال

حکم

حسب رائے حاکم صاحب صدر رخصت ابراہیم خان معاون من ابتداء ۲۴ جولائی ۱۹۲۲ء لغایت ۱۱ اگست سنہ حال بعوض موجودہ منظور ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تبادلہ

۴ اگست ۱۹۲۲ء

مثبتہ تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس دربارہ عطاء منظوری تبادلہ سوکھچند ہیڈ کانسٹبل ملٹری بجائے نور محمد ہیڈ کانسٹبل سول اور نور محمد ہیڈ کانسٹبل سول بجائے سوکھچند ہیڈ کانسٹبل ملٹری بوجہ شکایت نور محمد ہیڈ کانسٹبل سول

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس منظوری دیجاتی ہے کہ سوکھچند ہیڈ کانسٹبل ملٹری سے سول میں اور نور محمد ہیڈ کانسٹبل سول سے ملٹری میں تبدیل کیا جائے۔ اپنی اپنی تنخواہ بحالت تبادلہ پائینگے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۲۹ جولائی ۱۹۲۲ء

مدرس اول مدرسہ گنج طوفان کی شکایت میں دو لڑکوں نے درخواست

پیش کی تھی۔ ڈپٹی انسپکٹر مدارس نے اس درخواست کی تحقیقات مدرسہ میں جاکر کی۔ خود لڑکون کے بیان سے نیز دیگر مدرسین کے بیان سے مدرس اول کی کوئی شکایت ثابت نہیں ہوئی بلکہ لڑکون نے اقبال کیا کہ یہ درخواست انگلش ٹیچر مدرسہ مذکور کی تحریک سے دی تھی۔ اس درخواست میں بعض شرمناک الزام بھی مدرس اول پر لگائے گئے ہیں جو بالکل غلط ثابت ہوئے۔ انگلش ٹیچر کو پہلے بھی ایک مرتبہ اس بنا پر تنبیہ کیجا چکی ہے کہ ڈپٹی انسپکٹر کو رپورٹ نہایت نامناسب الفاظ میں لکھی تھی نیز ڈپٹی انسپکٹر نے لکھا ہے کہ اسوقت رفع کرو یا ایسی حالت میں انگلش ٹیچر کا مدرسہ کی ملازمت سے نااہل ہونا ثابت ہوتا ہے۔ لہذا حکیم ہاشم علی انگلش ٹیچر مدرسہ گمبھیر طوفان کو برخاست کیا گیا۔ اور بجائے اُنکے مظفر حسن خان انٹرنس پاس ساکن محلہ جھولے والی ابلی کا تقرر پندرہ روپیہ ماہوار تنخواہ پر استحانًا برائے چھ ماہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی

۲۰ر جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس ہردیال مدرس مدرسہ قرشا؟ تحصیل ملک ۲۰ر جولائی سنہ حال سے اپنی موجودہ تنخواہ پر مستقل کیا گیا۔

لہذا حکم ہوا

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۹ر جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

عاشق علی خان مدرس اول مدرسہ پہاڑی دروازہ کی رخصت چوبیس یوم ۲۴ سے ابتدا ۲۶ر جولائی سنہ ۱۹۲۶ء لغایت ۱۸ر اگست سنہ ۱۹۲۶ء حسب ضابطہ نصف تنخواہ بوجہ علالت منظور کی گئی۔ ایام رخصت میں سید صدیق حسن مدرس دوم انچارج مدرس اول رہیگا۔ اور بجائے صدیق حسن محمد ایوب بیگ مڈل پاس بارہ روپیہ تنخواہ پر عارضی تقرر کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

عارضی تقرر

۳۰ر جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

حیدر علی مدرس میران پور تحصیل سوار چونکہ مقدمہ فوجداری میں مطلوب رو بوشن؟ ہے اسلئے وہ معطل کردیا گیا ہے۔ مدرسہ میران پور خالی ہے۔ لہذا سکندر حسین مڈل پاس گیارہ روپیہ ماہوار تنخواہ پر مدرسہ میران پور میں عارضی مدرس مقرر کیا گیا۔ بنابران

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۴ر اگست سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ یادداشت صاحب جج بہادر دربارہ منظوری رخصت بارہ یوم منشی سعید الدین خان پیشکار ججی من ابتدا ۳۱ر جولائی لغایت ۱۱ر اگست سنہ ۱۹۲۶ء بسبب تکلیف؟ آنے پھوڑا

حکم ہوا کہ

منشی سعید الدین خان پیشکار ججی کی رخصت رعایتی بارہ یوم ۳۱ر جولائی سنہ ۱۹۲۶ء لغایت بوجہ بیماری منظور ہے۔ کام کا انتظام صاحب جج کردینگے۔ احکام جاری ہوں۔

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۳۱ر جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر کنٹرولر صاحب ہوس ہولڈ دربارہ منظوری رخصت مزید رعایتی پندرہ یوم از ۱۶ر لغایت ۳۰ر جولائی سنہ ۱۹۲۶ء منشی محمد یوسف علی خان مہتمم سودیخانہ بوجہ علالت۔ جنکا نائب مہتمم کام انجام دے رہے ہیں

حکم

رخصت سولہ یوم منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۲۷ جولائی لغایت ۲ راگست ۱۹۲۶ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزوں	تعداد خط	افزوں	تعداد خط	افزوں	تعداد خط	افزوں	تعداد خط	افزوں	تعداد خط	افزوں
۲۷ جولائی ۱۹۲۶ء یوم سہ شنبہ	۲	۱۷۳	۱۱	۲۷۰	۳۲	۲۳۴	۲	۱۱۶	۳	۲۸۶	۱	۲۰۵
۲۸ ″ ″ چہار شنبہ	۰	۱۷۳	۰	۲۷۰	۲	۲۴۳	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۲۸۶	۴	۲۰۹
۲۹ ″ ″ پنجشنبہ	۳۶	۲۰۹	۴۵	۳۱۵	۰	۲۴۳	″	۰	۴۰	۳۲۶	۵۱	۲۶۰
۳۰ ″ ″ جمعہ	۱۰	۲۱۹	۰	۳۱۵	۷۶	۳۱۹	″	۰	۱۹	۳۴۵	۲	۲۶۲
۳۱ ″ ″ شنبہ	۳۴	۲۵۳	۹	۳۲۴	۸	۳۲۷	″	۰	۳۰	۳۷۵	۱۸	۲۸۰
یکم اگست ۱۹۲۶ء یوم یکشنبہ	۱۵	۲۶۸	۱۴	۳۳۸	۴	۳۳۱	″	۰	۲۰	۳۹۵	۱۳	۲۹۳
۲ ″ ″ دوشنبہ	۱۳	۲۸۱	۸	۳۴۶	۱۴	۳۴۵	″	۰۰	۱۰	۴۰۵	۳	۲۹۶

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲ لغایت ۸ راگست ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ا ر		۶ ا ر		۰۷ ا ر	۷ ا ر	
نخود خالص	۶ ا ر		۷ ا ر		۸ ا ر	۸ ا ر	
نخود کسانیر	۸ ا ر		۰۷ ا ر		۰۷ ا ر	۱۰ ا ر	
[illegible]	۰۷ ا ر		۷۷ ا ر		۰	۰۷ ا ر	
ماش	۵ ا ر		۰		۴۰ ا ر	۵ ا ر	
مونگ	۰۳ ا ر		۰		۳ ا ر	۰۳ ا ر	
مکا	۷ ا ر		۳ ا ر		۰	۶ ا ر	
جنی	۹ ا ر		۰		۱۱ ا ر	۱۱ ا ر	
کودچی	۸ ا ر		۰		۱۰ ا ر	۷ ا ر	
عدس	۶ ا ر		۰		۰		
ارہر	۶ ا ر		۰		۷ ا ر		
برنج	۴ ا ر		۷ ا ر		۰	۴۰ ا ر	
روغن زرد	۷ چھٹانک		۸ چھٹانک		۳ /۱۱۱ ا ر	۸ چھٹانک	
روغن سیاہ	۱ /// ا ر		۱ ا ر		۱ ا ر	۰۱ ا ر	
روغن تلخ	۱ ا ر		۰		۱ ا ر	۱ ا ر	
نمک سانبھر	۱۲ ا ر		۱۳ ا ر		۱۲ ا ر	۱۳ ا ر	
نمک لاہوری	۶ ا ر		۶ ا ر		۰	۵ ا ر	
قند سیاہ	۴ ا ر		۴ ا ر		۰	۰۳ ا ر	
باجرہ	۳ ا ر		۰		۰	۲ ا ر	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری مئی سنہ ۱۹۲۶ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی																	از خانہ نمبر ۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض								
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مار گزیدہ	[illegible]	طاعون		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۵	۱۳	۲۸	۵	۷۱	۵۳	۱۸	۱۷	۱۳	۱	۲	۱۷	۱۶	۳۵	۳۱	۵۲	۱۴	۰	۹	۰	۵۶	۱	۰	۰	۶۶	
گنج	۳۱	۵	۱۸	۴	۵۸	۴۹	۹	۱۰	۷	۰	۴	۱۲	۱۸	۲۲	۲۹	۴۴	۷	۰	۱	۰	۵۰	۰	۰	۰	۵۱	
والی شہر	۸	۶	۱۱	۷	۳۲	۱۹	۱۳	۶	۴	۰	۰	۱۹	۴	۲۵	۸	۱۷	۱۶	۰	۲	۳۱	۰	۰	۰	۰	۳۳	
عظیم نگر	۱۸	۱۶	۸	۶	۴۸	۲۶	۲۲	۱۲	۱۲	۳	۲	۲۱	۱۳	۳۶	۲۷	۳۰	۳۳	۰	۵	۰	۵۶	۱	۰	-	۶۳	
شاہ آباد	۸	۲۶	۱۸	۱۴	۶۶	۲۶	۴۰	۲۵	۲۱	۸	۷	۴۴	۱۸	۷۷	۴۶	۲۳	۱۰۰	۰	۳۵	۰	۴۷	۰	۰	۴۱	۱۲۳	
پٹوائی	۳	۶	۳	۱۲	۲۳	۵	۱۸	۱۳	۹	۴	۰	۱۰	۵	۲۷	۱۴	۹	۳۲	۰	۷	۰	۳۴	۰	۰	۰	۴۱	
ملک	۳	۵۹	۵	۴۵	۱۱۲	۸	۱۰۴	۲۰	۱۹	۴	۴	۳۲	۱۹	۵۶	۴۲	۱۷	۸۱	۰	۱۷	۰	۸۱	۰	۰	۰	۹۸	
بلاسپور	۱۰	۷	۶	۹	۳۲	۱۶	۱۶	۶	۷	۵	۱	۲۶	۱۷	۳۷	۲۵	۳۷	۲۵	۰	۰	۶۲	۰	۰	۰	۰	۶۲	
کیمری	۸	۳۳	۵	۱۵	۶۱	۱۳	۴۸	۵	۸	۱	۱	۲۵	۱۴	۳۱	۲۲	۱۷	۳۷	۰	۰	۰	۵۴	۰	۰	۰	۵۴	
سوار	۱۳	۱۰	۱۰	۱۰	۴۳	۲۳	۲۰	۸	۵	۲	۲	۳۵	۲۳	۴۵	۳۰	۳۷	۳۸	۰	۱	۰	۷۴	۰	۰	۰	۷۵	
ٹانڈہ	۱۸	۱۳	۱۱	۱۶	۵۸	۲۹	۲۹	۱۷	۸	۳	۲	۱۰	۱۱	۳۰	۲۱	۲۲	۲۹	۰	۱۰	۰	۴۰	۱	۰	۰	۵۱	
میزان	۱۴۵	۱۹۴	۱۲۶	۱۴۳	۶۰۴	۲۶۷	۳۳۷	۱۳۹	۱۱۳	۳۱	۲۵	۲۵۱	۱۵۸	۴۲۱	۲۹۶	۳۰۵	۴۱۲	۰	۸۷	۹۳	۴۹۳	۳	۰	۴۱	۷۱۷	